جائے۔

۳۔ کتب سیرت میں بہت سی کمزور باتیں موجود ہیں، جن کا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب انتساب محل نظر ہے، ایسی روایات المواہب اللدنیہ، شرح زرقانی، الشفا، قاضی عیاض میں بہ کثرت موجود ہیں، جن سے اس شرح میں بہ کثرت استفادہ کیا گیا ہے، بہتر ہوگا کہ ان کی روایات کو بیان کرتے ہوئے ان کی استنادی حیثیت کو بھی مدنظر رکھا جائے۔

۴۔ حوالہ جات دینے کا التزام کیا جائے، جو دیئے گئے ہیں وہ ناکافی ہیں۔

۵۔ بہت سے مقامات پر ثانوی ماخذ سے استفادہ کیا گیا ہے۔

مجموعی طور پر کتاب قابل استفادہ اور درسی ضرورت کو پورا کرتی ہے، اور طباعت و کاغذ عام رجحان کے مطابق ہے۔

نام کتاب: بعثت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئیاں (ہندوؤں کی کتب مقدسہ میں)

تحقیق: ڈاکٹر وید پرکاش اپادھیائے

ناشر: دارالکتاب، اردو بازار، لاہور

صفحات: ۱۲۰

قیمت: ۶۰/روپے

تبصرہ نگار: محمد احمد حافظ

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس کی بعثت کے بارے میں دنیا کی بیشتر قدیم کتب مقدسہ میں ذکر موجود ہے، وقتاً فوقتاً ایسی تحقیقات سامنے آتی رہتی ہیں، جو اہل علم کے لئے راحت قلب ونظر کا سامان کرتی ہیں، زیر تبصرہ کتاب ڈاکٹر وید پرکاش اپادھیائے کی تحقیق کا نچوڑ ہے جو انہوں نے اپنے دھرم کی مقدس کتابوں کا دقتِ نظر سے مطالعہ کرنے کے بعد پیش کیا۔

اصلاً یہ دو کتابوں کا مجموعہ ہے، اول الذکر کا نام، نراسنش اور انتم رشی (محمد بحیثیت خاتم النبیین) ثانی الذکر کا نام: کلکی اوتار اور حضرت محمد صاحب (صلی اللہ علیہ وسلم) ہے، یہ دونوں کتابچے ہندی میں تھے، جن کا انگریزی ترجمہ انڈونیشیا کے ایک ناشر نے چھاپ دیا ہے، زیر تبصرہ کتاب جناب محمد ایوب

انصاری کے ترجمے پر مشتمل ہے، جس کی ''مناسب حال درستگی'' جناب ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری (حال مقیم امریکا) نے کی ہے، ہمیں حیرت ہے کہ کتاب کے بیرونی اور اندرونی ٹائیٹل پر بطور مرتب و مدون ڈاکٹر حافظ حقانی میاں قادری کا نام درج ہے، لیکن اصل مصنف اور مترجم کا نام نہیں، اس فرد گذاشت کا تدارک ضروری ہے۔

پنڈت وید پرکاش اپادھیائے الہ آباد کی ایک تحصیل منجھن پور کے قصبے برہم پور میں پیدا ہوئے، ان خاندان میں پہلے سے پڑھنے لکھنے کا ذوق تھا جو قدرتی طور پر پنڈت وید پرکاش صاحب میں بھی منتقل ہوا، پنڈت صاحب سے مختلف تعلیمی منازل طے کرتے ہوئے کئی انعام بھی حاصل کئے، زیر تبصرہ کتاب ان کی علمی جستجو کی ہی گواہی نہیں دیتی بلکہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے قلبی محبت کا ثبوت بھی مہیا کرتی ہے، مناسب کاغذ پر شائع کی گئی۔ یہ کتاب ایک اہم ضرورت کو پورا کرتی ہے۔

رحمانیہ
سوئیٹس اینڈ ڈیری
REHMANIA SWEETS &
DAIRY
بالمقابل فردوس سینما، ٹھنڈی سڑک۔ حیدرآباد،
فون: 780868